© rasailojaraid.com



# ماسکو میں مسلمانوں کے ایک اعلیٰ مذہبی ادارے کا قیام

۳۰ اپریل ۱۹۹۴ء کو ماسکو میں مسلمانوں کی ایک نئی تنظیم "دی سپریم کوآرڈی نیشن سنٹر" کی افتتاحی تقریب منعقد کی گئی۔ یہ سنٹر ملک کے ان خطوں کے مسلم بورڈز کو باہمی تعاون کے رشتوں میں منسلک کرتا ہے، جن میں مسلمانوں کی قابلِ لحاظ تعداد رہائش پذیر ہے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کوآرڈی نیشن سنٹر کے چیئرمین عبداللہ گالیولن نے کہا کہ نئے تاریخی حالات کی وجہ سے جن سے روس کو سابقہ در پیش ہے، مذہبی سطح پر بھی تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ جمہوری عمل کے احیاء کے نتیجے میں پورے ملک میں زندگی کے تمام شعبے متاثر ہوئے ہیں۔ چنانچہ پرانے مسلم سنٹرز کی جگہ تقریباً ایک درجن سے زیادہ خود مختار مسلم بورڈز وجود میں آ چکے ہیں۔ ان بورڈز سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ مسلم عوام کے قریب تر رہ کر، مذہبی روحانیت کے احیاء سے متعلق ان کے باطنی مسائل کے حل میں زیادہ بہتر انداز سے ان کو راہنمائی فراہم کریں گے۔ دوسری طرف وقت کا تقاضہ ہے کہ اخوت و اتحاد کی تعلیمات پر مبنی اسلام کے ابدی مشن کی بحالی کی خاطر مسلمانوں کی صفوں میں انتشار پر قابو پایا جائے، اور ان کی کوششوں کو مربوط کر کے اتحاد و یگانگت کے ایک بہتر نظام کو متعارف کروایا جائے۔

سنٹر کے چیئرمین کے خیال میں نئی قائم شدہ تنظیم، جس کا چارٹر روسی فیڈریشن کی وزارت انصاف میں رجسٹر کروایا جا چکا ہے، کا ہدف انہی مقاصد کے حصول کی طرف پیش قدمی ہے۔ یہ سنٹر سرکاری طور پر رجسٹرڈ ۹۳ مسلم حلقوں اور روس کے ۱۲ مذہبی اداروں کو باہمی تعاون کے رشتوں میں منسلک کرتا ہے۔

سنٹر کے چیئرمین کے علاوہ مفتی بشکورستان جناب نور محمد نعمت، مفتی وسطی والگا ریجن جناب مقدس بابر سوف، کبارڈ نیو بلکاریہ ریجن کے مفتی جناب مفتی شیخا چیف اور کئی دیگر حضرات نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔

کوآرڈی نیشن سنٹر کے قیام کو سراہتے ہوئے "توحید انفارمیشن سنٹر" کے نمائندے جمال حیدر نے کہا کہ روسی مسلمان جن کی تعداد اب ۲۰ ملین کے قریب ہو چکی ہے، اسلامی اقدار کے تحفظ اور سالمیت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس لیے انہیں قابلِ قدر قوت کے قلب میں ڈھلنے کے لیے ایک بلاک کی صورت میں متحد ہو جانا چاہیے۔ روسی مسلمانوں کو اس سنٹر کے قیام پر سابقہ سوویت یونین کے مختلف خطوں کے ہم مذہب بھائیوں سمیت بین الاقوامی اسلامی تنظیموں اور ماسکو میں متعین مسلمان ملکوں عراق، ایران، سوڈان، اور شام کے سفارتی نمائندوں نے مبارکباد پیش کی۔

ماخوذ از سنٹرل ایشیا بریف، لیسٹر، برطانیہ



© rasailojaraid.com